چیئرمین کا پیغام

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، مجھے 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے OLP فنانشل سروسز پاکستان لمیٹڈ کی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے۔

بین الاقوامی واقعات اور ملکی سیاسی بحران کے تناظر میں پاکستان کی معیشت کو معاشی چیلنجز کا سامنا ہے۔ بورڈ اور انتظامیہ موجودہ کاروباری ماحول پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں اور ان منفی حالات میں کمپنی کی اچھی رہنمائی کر رہے ہیں۔ کثیر جہتی چیلنجوں کے باوجود کمپنی نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے عبوری اور حتمی ڈیویڈنڈ کے ذریعے ہمارے قابل قدر شیئر ہولڈرز میں منافع کی مناسب تقسیم کی ہے۔

مالی سال 2022 میں کاروباری ترقی کے لیے محتاط انداز اپنایا گیا۔ OLP کے پاس متنوع اور مضبوط لون بک ہے جو %16 بڑھ کر 25 بلین روپے (2021: 21.5 بلین روپے) تک پہنچ گئی ہے۔ 30 جون 2022 تک، کمپنی کے کل اثاثے۔ 30 ارب روپے تھے جو گزشتہ سال 25 ارب روپے کے کل اثاثوں کے مقابلے میں %20 زیادہ تھے۔

سال کے لیے قبل از ٹیکس منافع 1,377 ملین روپے پچھلے سال (2021: 1,284 ملین روپے) کے مقابلے میں %7 زیادہ تھا۔ تاہم، بعد از ٹیکس منافع 882 ملین روپے زیادہ ٹیکس ادائیگی کی بِنا پر پچھلے سال 915 ملین روپے کے مقابلے میں %4 کم رہا۔ حکومت نے 300 ملین روپے سے زیادہ آمدنی حاصل کرنے والی کمپنیوں پر %4 سپر ٹیکس لگایا ہے اس کے علاوہ ٹیکس قوانین میں کچھ دیگر ترامیم بھی کی ہیں۔ نتیجتاً، کمپنی نے 495 ملین روپے کے کل ٹیکس اخراجات کو ریکارڈ کیا ہے جو کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں %34 زیادہ ہے۔

OLP کا مضبوط رسک مینجمنٹ فریم ورک گزشتہ سالوں میں کمپنی کی کامیابی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ میں بورڈ اور اس کی ذیلی کمیٹیوں کی کوششوں کو سراہتا ہوں جو رِسک مینیجمنٹ بالخصوص کریڈٹ اور آپریشنل رِسک پر توجہ مرکوز کرتے رہتے ہیں تاکہ آپریشنل کارکردگی کی اعلیٰ سطح کو برقرار رکھا جاسکے اور کمپنی کی کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکے۔

سال کے دوران، کمپنی کو محض ایک لیزنگ کمپنی نہیں بلکہ ایک SME فوکسڈ فنانشل سروسز کمپنی کے طور پر اپنے کارپوریٹ امیج کو بڑھانے کے وژن کے مطابق ری برانڈ کیا گیا۔ بورڈ کا خیال ہے کہ کمپنی کے نام میں تبدیلی کمپنی کے امیج کو ایک مالیاتی ادارے کے طور پر تیار کرنے کے لیے ضروری تھی جو اپنے صارفین کو مکمل مالیاتی خدمات پیش کرتا ہے۔ کمپنی کے پرنسپل شیئر ہولڈر، ORIX کارپوریشن نے اس ری برانڈنگ کی مکمل توثیق کی ہے اور نئے اِمیج کے ساتھ OLP کی مستقبل میں ترقی کے لیے پرعزم ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، میں اپنے تمام اسٹیک ہولڈرز اور ملازمین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جنہوں نے اس مشکل وقت میں کمپنی کو چلانے میں عزم اور لگن کے ساتھ اپنا حصہ ڈالا اور سال کے دوران ریگولیٹرز کی مسلسل رہنمائی اور تعاون کا بھی شکر گزار ہوں۔

خالِد عزیز مرزا
چیئرمین بورڈ آف ڈائیریکٹرز